BWP-G1-11-19

B

L.K.No.1103 | Paper Code No.6023

اُردو (لازمی)

(Inter-A-2019)

Inter (Part - I)

Session (2015 - 17) to (2018 - 20)

گروپ فرسٹ

پرچہ : I (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) میں نے منڈی سے دو من گندم ---------- :
(A) خریدی (B) خریدا (C) خریدے (D) خریدیں

(2) وزیر نے حلف ----- :
(A) اٹھائی (B) اٹھایا (C) اٹھائیں (D) اٹھا

(3) یہ ----- آستین کا سانپ ہے :
(A) میرے (B) میرا (C) میریں (D) میری

(4) یہ دہی -------- :
(A) کھٹی ہے (B) کھٹا ہے (C) کھٹے ہیں (D) کھٹیں ہیں

(5) اس نے اُردو ------- :
(A) پڑھی (B) پڑی (C) پڑھا (D) پڑھیں

(6) " یہ آرزو تھی تجھے گل کے رُوبرو کرتے ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے " اس میں قافیہ ہے :
(A) آرزو (B) گل ، بلبل (C) روبرو ، گفتگو (D) کرتے

(7) شعر میں ردیف آتا ہے :
(A) شروع میں (B) درمیان میں (C) آخر میں (D) آخر سے پہلے

(8) جو بُرائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو ! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا " اصطلاح میں یہ شعر کہلاتا ہے :
(A) مطلع (B) مقطع (C) تلمیح (D) عام شعر

(9) " گل کو ہوتا صبا ! قرار اے کاش رہتی اک آدھ دن ، بہار اے کاش " اس شعر میں ردیف ہے :
(A) گل (B) صبا (C) قرار ، بہار (D) اے کاش

(10) " ٹک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا " یہ شعر ہے :
(A) مطلع کا (B) مقطع کا (C) ردیف کا (D) قافیہ کا

(11) مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں :
(A) حروف تشبیہ (B) ارکان استعارہ (C) طرفین تشبیہ (D) طرفین استعارہ

(12) " آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت " یہ شعر ہے :
(A) تلمیح کا (B) استعارہ کا (C) تشبیہ کا (D) ردیف کا

(13) اُمڈی آتی ہیں آج یوں آنکھیں جیسے دریا کہیں مچلتے ہیں " اس میں مشبہ ہے :
(A) اُمڈنا (B) آنکھیں (C) دریا (D) مچلنا

(14) تلمیح ہے :
(A) شیرِدل فوجی (B) بکری کی طرح بزدل (C) سرآنکھوں پر بٹھانا (D) تیشۂ فرہاد

(15) استعارہ ہے :
(A) پھول سا چہرہ (B) من دسلویٰ (C) سرِ مژگاں ستارے (D) شش و پنج میں

(16) نصابی سبق " اُسوۂ حسنہ " کے مطابق اسلام میں دو چیزیں ہیں :
(A) کتاب اور قلم (B) کتاب اور فقہ (C) کتاب اور سنت (D) کتاب اور حدیث

(17) نصابی سبق " مکتوبات غالب " کے مطابق نواب مصطفیٰ خان رہا ہو کر کس شہر میں قیام پذیر ہوئے :
(A) لاہور (B) رام پور (C) بنارس (D) میرٹھ

(18) اچھن کے باپ نے چراغ نہ جلانے کا سبب پوچھا تو اچھن نے کیا بتایا :
(A) تیل نہیں تھا (B) ماچس نہیں تھی (C) دیا سلائی نہیں تھی (D) چراغ ٹوٹ گیا تھا

(19) سرسید احمد خان کھانا کھانے کے بعد کیا پیتے تھے :
(A) پانی (B) چائے (C) دودھ (D) کافی

(20) نصابی سبق " سفارش " میں مصنف کے دوست ڈاکٹر کا نام کیا تھا :
(A) عبدالستار (B) عبدالغفار (C) عبدالجبار (D) عبدالقہار

-----------☆☆-----------

ParhloPakistan.com

BWP-G1-11-19

رول نمبر	1103 - 40000	گروپ فرسٹ
اُردو لازمی (انشائیہ)	Inter-A-2019	Inter (Part- I)
وقت 2:40 گھنٹے	سیشن (2015 - 17) to (2018 - 20)	کل نمبر: 80

حصہ اول

﴾ ہدایات ﴿ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔☆

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) لاکھ پردوں میں ہے تو بے پردہ سو نشانوں پہ ، بے نشاں تو ہے
تو ہے خلوت میں ، تو ہے جلوت میں کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا
جو بُرائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو ! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا
قعرِ دریا میں بھی آنکلے گی ، سورج کی کرن مجھ کو آتا نہیں محرومِ تمنا ہونا

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) اُس نے اپنا رومال نکالا جسے جیب میں رکھنے کے بجائے اس نے کوٹ کی بائیں آستین میں اُڑس رکھا تھا اور ہلکے ہلکے چہرے پر پھیرا تا کہ کچھ گرد جم گئی ہو تو اُتر جائے۔پاس ہی گھاس کے ایک ٹکڑے پر کچھ بچے ایک بڑی سی گیند سے کھیل رہے تھے۔وہ بڑی دلچسپی سے اُن کا کھیل دیکھنے لگا۔بچے کچھ دیر تک اس کی پروا کیے بغیر کھیل میں مصروف رہے مگر جب وہ برابر تکے ہی چلا گیا تو وہ رفتہ رفتہ شرمانے سے لگے اور پھر اچانک گیند سنبھال کر ، ہنستے ہوئے اور ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتے ہوئے گھاس کے اس ٹکڑے ہی سے چلے گئے۔

(ب) تم سچ کہتے ہو کہ بہت مسودے اصلاح کے واسطے فراہم ہوئے ہیں مگر یہ نہ سمجھنا کہ تمہارے ہی قصائد پڑے ہیں۔نواب صاحب کی غزلیں بھی اسی طرح دھری ہوئی ہیں۔برسات کا حال تمہیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے ، کرائے کی حویلی میں رہتا ہوں۔جولائی سے مینہ شروع ہوا۔شہر میں سینکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت ، دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہ نکلیں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ادیب کی عزت (ب) لاہور کا جغرافیہ

سوال نمبر5 سید محمد جعفری کی نظم " ایبسٹریکٹ آرٹ " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 دو دوستوں کے درمیان سگریٹ نوشی کے نقصانات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

سوال نمبر7 پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک کی تقسیم کے ناقص انتظام کے بارے میں درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 8 + 2

برصغیر مسلمانوں کی آمد سے پہلے ٹکڑوں میں بٹا ہوا تھا اور چھوٹی بڑی خودمختار ریاستوں پر مشتمل تھا۔ان ریاستوں کی اپنی اپنی زبان تھی اور کسی مشترکہ زبان کی ضرورت نہیں تھی۔جب برصغیر ایک ریاست کی صورت میں یک جا ہوا تو سب سے پہلے فوجوں میں مختلف زبان بولنے والوں کو ایک دوسرے سے بات چیت کے لئے ایک زبان کی ضرورت محسوس ہوئی۔فوجی ایک دوسرے سے بات کے لئے کچھ اپنی کچھ دوسری زبان استعمال کرنے لگے۔یوں رفتہ رفتہ ایک نئی زبان معرض وجود میں آئی۔اس کو اردو کا نام اس لئے ملا کہ یہ ابتدائی ایام میں ایک فوجی زبان کے طور پر ظاہر ہوئی۔

B

☆☆☆☆☆

ParhloPakistan.com